شرف الدین ساحل

شخص، شاعر اور نثر نگار

مصنفہ

ڈاکٹر نصرت سلطانہ



”ڈاکٹر ساحل ایک ایسے اسکالر ہیں جو اپنے سینے میں شیر کا دل رکھتے ہیں اور ایک مائلِ پرواز شاہین کی طرح ترقی کی ان بلندیوں پر ہیں جہاں بہت کم لوگ پہنچ پاتے ہیں۔ وہ اتنے بلند ہیں کہ ان کے حصولِ علم کی تشنگی کے پیمانے کو کسی اسکیل سے ناپا نہیں جا سکتا۔ وہ اپنے تخلیقی اور تحقیقی سفر میں ایسے گم ہو جاتے ہیں کہ اپنے آپ کو ایک دوسری دنیا میں پاتے ہیں حالانکہ وہ کسی بڑے یا چھوٹے سرکاری عہدے پر فائز نہیں ہیں۔ ان کا ضعفِ بینائی، گرتی ہوئی صحت اور ڈانواڈول اقتصادی حالت ان کی بلند ہمتی اور شریفانہ کردار پر کبھی حاوی نہیں ہوئے۔“ (انگریزی سے ترجمہ)

......فلپس جوزف

(نامہ نگار لوک مت ٹائمز، ناگپور)

حالات وکوائف

...ں حقیقت میں دورائے نہیں ہے کہ کسی بھی فنکار کا تخلیقی عمل اس کے ماحول سے متاثر ہوتا ...ے۔ وہ جس خاندان، اسکول اور فضا میں تعلیم وتربیت حاصل کرتا ہے، اس کے اثرات اس ...ے کاموں پر پڑتے ہیں۔

...پور ڈاکٹر شرف الدین کا پیدائشی وطن ہے۔ یہ شہر ریاست مہاراشٹر کا ثانی دارالحکومت ...ے۔ گرین سٹی ہے اور سنتروں کے لیے مشہور ہے۔ ممبئی سے کولکاتا اور دہلی سے چنئی جانے ...ں ریلوے لائن کے جنکشن پر واقع ہے۔ ممبئی سے اس کا فاصلہ ۸۳۷ کلومیٹر اور کولکاتا سے ...۱۱ کلومیٹر ہے۔ اس کے شمال میں ۴۰ کلومیٹر کے فاصلے پر ست پڑا کا پہاڑی سلسلہ ہے۔ یہ ...ے میدانی علاقے میں آباد ہے۔ اس وقت اس کی آبادی ۳۵ لاکھ کے قریب ہے۔ یہاں ...ریباً ۱۲ فیصد اردو بولنے والے رہتے ہیں۔

...پور شہر کی بنیاد اورنگ زیب کے معاصر نومسلم گونڈ راجہ بخت بلند شاہ نے اٹھارویں صدی ... ابتدا میں ڈال کر اس کو اپنی حکومت دیوگڑھ کا صدر مقام بنایا۔ اس کے دور میں مسلمانوں ... آمد کا سلسلہ شروع ہوا۔ اس کی وفات کے بعد ۱۷۰۹ء میں اس کا بڑا بیٹا راجہ چاند سلطان ...ہ تخت نشیں ہوا۔ اس نے ۱۷۳۵ء میں رحلت فرمائی۔ فصیل بند شہر کا عظیم الشان جمعہ ...وازہ، جمعہ تالاب، جمعہ مسجد اور مسجد پتھر پھوڑ اس دور کی یادگاریں ہیں جو آج بھی اپنی ...موش زبان سے مذکورہ بادشاہوں کی یاد دلاتی ہیں۔